e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW
روزنامہ
# اودھ نامہ
avadhnama

## اب یوپی میں 45 دنوں کے اندر غیر متنازعہ جائیدادوں کی منتقلی

لکھنؤ:(یو این آئی) اتر پردیش حکومت نے ہدایت دی ہے کہ غیر متنازعہ زمین یا جائیداد کی منتقلی کا عمل 45 دنوں کے اندر مکمل کیا جائے۔ حکم میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اگر زمین یا جائیداد کی منتقلی میں تاخیر ہوتی ہے تو ضلع مجسٹریٹ (ڈی ایم) اور ڈویژنل کمشنر بھی ذمہ دار ہوں گے۔ ریاست کے پرنسپل سکریٹری ریونیو پی گرو پرساد نے حال ہی میں ایک سرکاری حکم نامہ جاری کیا ہے اور تمام ڈویژنل کمشنروں اور ضلع مجسٹریٹ s کو ہدایت بھیجی ہیں۔ حکام کے مطابق ریونیو کوڈ کی دفعات کی بنیاد پر غیر متنازعہ کیسز میں 45 دن کے اندر ٹرانسفر کرنا ہوگا۔ متنازعہ کیسز میں فیصلہ 90 دن میں دینا ہوگا۔ اس سے قبل الہ آباد ہائی کورٹ نے ریاست میں نام کی منتقلی کے معاملات میں تاخیر پر سخت برہمی کا اظہار کیا تھا۔ نئی ہدایت میں کہا گیا ہے کہ ریونیو کوڈ 2006 کے سیکشن 34/35 کے تحت نام کی منتقلی کے معاملات میں غیر متنازعہ نام کی منتقلی کا معاملہ 45 دن کے اندر اور تنازعہ کی صورت میں 90 دن کے اندر نمٹایا جائے گا۔

## ناگپور ایئرپورٹ کو بم سے اڑانے کی دھمکی

ناگپور، (یو این آئی) مہاراشٹر میں ناگپور شہر کے ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر بین الاقوامی ہوائی اڈے کو منگل کے روز ایک ای میل کے ذریعے بم سے اڑانے کی دھمکی موصول ہوئی، جس کے بعد سلامتی ادارے اور مقامی پولیس فوراً حرکت میں آ گئیں۔ ذرائع کے مطابق یہ ای میل صبح تقریباً ساڑھے سات بجے موصول ہوئی، جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ ہوائی اڈے کے ٹرمینل میں ایک سگریٹ کے پیکٹ کے اندر ایک طاقتور دھماکہ خیز آلہ (آئی ای ڈی) چھپایا گیا ہے۔ ای میل بھیجنے والے نے دھمکی دی کہ یہ آلہ پھٹ سکتا ہے، جس سے شدید جانی و مالی نقصان ہو سکتا ہے۔ الرٹ ملتے ہی ہوائی اڈہ انتظامیہ نے فوری طور پر مقامی پولیس سے رابطہ کیا۔ بم ڈسپوزل اسکواڈ (بی ڈی ڈی ایس) کو سراغ رساں کتوں کے ساتھ ٹرمینل، بیگیج زون اور پارکنگ زون سمیت پورے ہوائی اڈے کی باریک بینی سے تلاشی کے لیے تعینات کیا گیا۔

قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر(۲۴) شمارہ نمبر(۲۸۹) لکھنؤ، بروز بدھ ۲۳-جولائی ۲۰۲۵ء، مطابق ۲۷/محرم الحرام -۱۴۴۷ھ صفحات-۸
Rs.3/- Vol- 24 , Issue, 289 Wednesday , July 23 2025 Pages -8


## ممبئی ٹرین دھماکہ معاملہ: ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ پہنچی مہاراشٹر حکومت

### سماعت 24 جولائی کو

نئی دہلی۔(ایجنسی) ممبئی ٹرین دھماکوں کے معاملے میں 12 ملزمین کو باعزت بری کیے جانے کے بامبے ہائی کورٹ کے فیصلے خلاف مہاراشٹر حکومت سپریم کورٹ پہنچ گئی ہے۔ انسداد دہشت گردی اسکواڈ نے ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ سے التجا کی ہے۔ اس پر سپریم کورٹ نے سماعت کے لیے 24 جولائی کی تاریخ مقرر کی ہے۔ دراصل پیر کو بامبے ہائی کورٹ نے 2006 کے ممبئی ٹرین بم دھماکہ کیس میں نچلی عدالت کا فیصلہ پلٹتے ہوئے 19 برسوں سے انصاف کی فریاد کر رہے 12 مسلم نوجوانوں کو باعزت بری کر دیا تھا۔ اس معاملے میں عدالت نے 5 ملزمین کو پہلے موت کی سزا سنائی تھی جبکہ 7 کو عمر قید کی۔ اس کیس کے 12 ملزمین میں سے ایک ملزم کی موت پہلے ہو چکی ہے۔ بامبے ہائی کورٹ نے 12 ملزمین کو بے قصور قرار دیتے ہوئے کہا تھا کہ استغاثہ معاملے کو ثابت کرنے میں پوری طرح سے ناکام رہا۔ اس سے یہ یقین کرنا مشکل ہے کہ ملزمین نے جرم کیا ہے۔ بامبے ہائی کورٹ کا فیصلہ آنے کے بعد پیر کی دیر شام مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے کہا تھا کہ وہ سپریم کورٹ جائیں گے۔ اس معاملے میں حکومت نے آج سپریم کورٹ میں عرضی دائر کر دی جس پر سماعت کے لیے سپریم کورٹ تیار ہو گیا ہے۔ چیف جسٹس بی آر گوائی، جسٹس کے ونود چندرن اور جسٹس این وی انجاریہ کی بنچ نے کیس کو جمعرات کے لیے لسٹیڈ کیا ہے۔ اس سے پہلے مہاراشٹر حکومت کی طرف سے پیش سالیسٹر جنرل تشار مہتہ نے فوری سماعت کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اس کیس کی جلد سماعت ضروری ہے۔ واضح رہے کہ 11 جولائی 2006 کو شام کے وقت جب ممبئی کی لوکل ٹرینیں مسافروں سے کھچا کھچ بھری تھیں، 7 مقامات پر آر ڈی ایکس بم دھماکے ہوئے۔

## نائب صدر جمہوریہ دھنکھڑ کا استعفیٰ منظور، پی ایم مودی نے اچھی صحت کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا

### پارلیمنٹ بھی نہیں پہنچے، الوداعی تقریب میں نہیں کریں گے شرکت



نئی دہلی: نائب صدر جگدیپ دھنکھر کا استعفیٰ صدر دروپدی مرمو نے منگل کو قبول کر لیا ہے۔ یہ سرکاری اطلاع آج راجیہ سبھا میں پریذائیڈنگ آفیسر گھنشیام تیواری نے ایوان کو دی۔ دھنکھر، جنہوں نے صحت کی وجوہات کا حوالہ دیتے ہوئے پیر کی رات دیر گئے استعفیٰ دے دیا، آج ایوان کی کارروائی میں بھی شریک نہیں ہوئے۔ اس سے قبل یہ بھی اطلاع ملی تھی کہ دھنکھر اپنا استعفیٰ واپس لینے یا کسی الوداعی تقریب میں شرکت کے لیے تیار نہیں ہیں۔ دریں اثنا، وزیر اعظم نریندر مودی نے دھنکھر کی اچھی صحت کی خواہش کی ہے۔ وزیر اعظم نے اپنی پوسٹ میں لکھا، شری جگدیپ دھنکھر جی کو ہندوستان کے نائب صدر سمیت کئی کرداروں میں ملک کی خدمت کرنے کا موقع ملا ہے۔ میں ان کی اچھی صحت کی خواہش کرتا ہوں۔ دھنکھڑ نے اپنا استعفیٰ 'صحت کو ترجیح دینے' کی بنیاد پر پیش کیا تھا۔ وہ 2022 سے اس عہدے پر فائز تھے اور راجیہ سبھا کے چیئرمین بھی تھے۔ پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس کے پہلے دن ان کا اچانک استعفیٰ حیرت کا سبب بنا۔ دن میں وہ راجیہ سبھا میں موجود تھے، جہاں اپوزیشن لیڈر ملکارجن کھڑگے اور بی جے پی کے لیڈر جے پی نڈا کے درمیان 'آپریشن سندور' اور پہلگام حملے پر شدید بحث ہوئی۔ اس دوران دھنکھڑ نے ایوان کو یقین دہانی کرائی تھی کہ وہ اس حساس مسئلے پر تفصیلی بحث کو یقینی بنائیں گے۔ اسی روز بعد میں انہوں نے اپوزیشن اور حکومت کے اراکین کی ایک مشترکہ میٹنگ بلائی، جس میں مبینہ طور پر حکومتی اراکین شریک نہیں ہوئے۔ شام کو انہوں نے اپنا استعفیٰ پیش کر دیا، جس پر مختلف سیاسی حلقوں میں قیاس آرائیاں شروع ہو گئیں۔ استعفیٰ کی منظوری کے بعد وزارتِ داخلہ کو کارروائی کے لیے مراسلہ بھیج دیا گیا ہے اور جلد باضابطہ نوٹیفکیشن جاری ہونے کی توقع ہے۔ اس پیشرفت کے بعد راجیہ سبھا کی صدارت عبوری طور پر ڈپٹی چیئرمین سنبھال سکتے ہیں، جب تک نیا نائب صدر منتخب نہیں ہو جاتا۔

پارلیمنٹ کے مانسون سیشن کا دوسرا دن

# بہار میں ووٹر لسٹ نظرثانی کے خلاف انڈیا اتحاد کا احتجاج

### ایس آئی آر معاملے پر لوک سبھا میں زبردست ہنگامہ، اپوزیشن کا واک آؤٹ اور پارلیمنٹ کے باہر مظاہرہ، حزب اختلاف نے ووٹر فہرست نظرثانی کو 'جمہوریت کا قتل' قرار دیا



نئی دہلی: (ایجنسی) لوک سبھا اور راجیہ سبھا میں اپوزیشن کا ہنگامہ لگاتار جاری ہے، جس کے چلتے راجیہ سبھا اور لوک سبھا کی کارروائی دن بھر کے لئے ملتوی کر دی گئی۔ بہار میں ووٹر لسٹ کی نظرثانی کے عمل کو لے کر کانگریس سمیت انڈیا اتحاد کی جماعتوں نے منگل کو پارلیمنٹ کے باہر زبردست احتجاج کیا۔ کانگریس لیڈر راہل گاندھی اور جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے کہا کہ اسپیشل انٹینسیو ریویژن یعنی ایس آئی آر کے نام پر ریاست میں ووٹر لسٹ سے بڑے پیمانے پر نام حذف کیے جا رہے ہیں تاکہ انتخابی نتائج پر اثر ڈالا جا سکے۔ انہوں نے اس عمل کو 'جمہوریت کا قتل' اور 'ووٹ بندی' قرار دیا۔ راہل گاندھی نے احتجاج میں شامل ہونے کے بعد اپنے فیس بک صفحہ پر لکھا، "ایس آئی آر کی آڑ میں بہار میں ہو رہی ووٹ چوری کے خلاف آج پارلیمنٹ کے احاطے میں انڈیا اتحاد کے ساتھیوں کے ساتھ احتجاج میں شامل ہوا۔ ووٹ دینا ہر شہری کا آئینی حق ہے، ہم اسے کسی بھی قیمت پر چھیننے نہیں دیں گے۔ ہم آئین مخالف طاقتوں کے خلاف متحد ہو کر لڑیں گے۔"

اجلاس کے دوسرے دن لوک سبھا میں بہار کی ووٹر لسٹ کی خصوصی گہرائی سے نظرثانی (اسپیشل انٹینسیو ریویژن، ایس آئی آر) کے معاملے پر اپوزیشن نے زبردست ہنگامہ کیا، جس کی وجہ سے ایوان کی کارروائی بار بار ملتوی کرنی پڑی۔ رپورٹ کے مطابق صبح کی کارروائی کے دوران اپوزیشن اراکین نے ایس آئی آر معاملے پر بحث کا مطالبہ کرتے ہوئے ایوان میں نعرے بازی شروع کر دی۔ اسپیکر اوم برلا نے اپوزیشن کو سمجھانے کی کوشش کی، تاہم ہنگامہ کم نہ ہوا تو ایوان کی کارروائی پہلے دوپہر 12 بجے تک اور بعد میں 2 بجے تک ملتوی کر دی گئی۔ دوپہر کو کارروائی دوبارہ شروع ہوتے ہی ایک بار پھر اپوزیشن کی جانب سے نعرے بازی اور شور شرابہ دیکھنے کو ملا، جس پر اسپیکر کو دوبارہ کارروائی ملتوی کرنا پڑی۔ ایوان میں مسلسل خلل کے بعد اپوزیشن جماعتوں نے پارلیمنٹ کے مکر دروازے پر بینر اور پوسٹر کے ساتھ مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے انتخابی فہرست میں ترمیم کے خلاف زوردار نعرے لگائے اور اسے غریبوں، دلتوں اور پسماندہ طبقات کے ساتھ زیادتی قرار دیا۔

کانگریس کے ایم پی عمران مسعود نے آئی اے این ایس سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے جب ہر چیز کے لیے آدھار کارڈ کو تصدیق کا ذریعہ مانا ہے تو ایس آئی آر میں اسے رد کیوں کیا جا رہا ہے؟ کیا اب یہ فیصلہ الیکشن کمیشن کرے گا کہ کون ہندوستانی شہری ہے؟ سابق مرکزی وزیر اور کانگریس کی سینئر رہنما رینوکا چودھری نے بھی حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔ ان کا کہنا تھا کہ تین کروڑ ووٹرز کی تصدیق محض چند دنوں میں کیسے ممکن ہے؟ اس کا مطلب ہے کہ پہلے سے ہی کچھ لوگوں کی فہرست تیار ہے جنہیں ووٹر لسٹ سے ہٹایا جانا ہے۔ سماجوادی پارٹی کے رکن پارلیمان راجیو رائے نے الیکشن کمیشن کو نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ آج کے وقت میں کمیشن ملک کی جمہوریت کے لیے سب سے بڑا خطرہ بن چکا ہے۔ ترنمول کانگریس کی ایم پی ساگریکا گھوش نے ایس آئی آر کو پس پردہ این آر سی جیسا منصوبہ قرار دیا اور کہا کہ اس کے ذریعہ لاکھوں لوگوں کے ووٹ کے حق کو چھیننے کی کوشش ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی پارٹی اس عمل کی سخت مخالفت کرتی ہے۔ اپوزیشن کا کہنا ہے کہ ایس آئی آر ایک منظم سازش ہے جس کا مقصد ووٹنگ کے بنیادی حق سے مخصوص طبقات کو محروم کرنا ہے، اور یہ ایک سیاسی چال ہے جسے آنے والے ریاستی انتخابات سے جوڑ کر دیکھا جا رہا ہے۔

پرینکا گاندھی نے ایکس پر اپنی پوسٹ میں لکھا، "پہلے مہاراشٹر میں ووٹر لسٹ میں ووٹرز بڑھا کر انتخابی چوری کی گئی۔ اب بہار میں ووٹرز کے نام کاٹ کر یہی کوشش کی جا رہی ہے۔ ایس آئی آر کے نام پر نافذ کی جا رہی 'ووٹ بندی' دراصل آئین میں دیے گئے ووٹ کے حق کو چھیننے کی ایک سازش ہے۔ ہم آئین کو روندنے کی ہر کوشش کے خلاف ڈٹ کر کھڑے ہیں۔" کانگریس کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے ایک ویڈیو بھی جاری کی گئی ہے جس میں پرینکا گاندھی کہتی ہیں، "ایس آئی آر کی کارروائی جمہوریت کا قتل ہے، اس لیے ہم بار بار کہہ رہے ہیں کہ یہ بالکل غلط ہے۔" احتجاج کے دوران دیگر انڈیا اتحاد کے رہنما بھی موجود تھے، جنہوں نے بہار میں ووٹر لسٹ کے حوالے سے ہو رہی کارروائی کو غیر آئینی اور جمہوری اصولوں کے خلاف قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس عمل کا مقصد خاص طبقات اور علاقوں کے ووٹرز کو انتخابی عمل سے باہر رکھنا ہے تاکہ حکومت کے حق میں سازگار نتائج حاصل کیے جا سکیں۔ کانگریس لیڈران کا کہنا ہے کہ یہ کوئی الگ تھلگ واقعہ نہیں ہے، بلکہ مہاراشٹر میں پہلے سے اسی طرح کی مبینہ چالاکیاں کی جا چکی ہیں اور اب بہار میں اسے دہرایا جا رہا ہے۔ ان کے مطابق ووٹر لسٹ میں جان بوجھ کر ناموں کی چھانٹی کی جا رہی ہے، جس کے خلاف قانونی و عوامی سطح پر لڑائی جاری رہے گی۔

واضح رہے کہ انتخابی کمیشن کی طرف سے جاری ایس آئی آر مہم کا مقصد ووٹر لسٹ کو درست اور اپ ڈیٹ کرنا ہوتا ہے لیکن اپوزیشن اس پر سوال اٹھاتے ہوئے الزام لگا رہی ہے کہ اس کا استعمال سیاسی مقاصد کے لیے کیا جا رہا ہے۔ پارلیمنٹ کے احاطے میں ہوئے احتجاج سے یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ آئندہ دنوں میں یہ مسئلہ ملک گیر سیاسی بحث کا مرکز بن سکتا ہے۔ انڈیا اتحاد نے اعلان کیا ہے کہ وہ بہار سمیت دیگر ریاستوں میں ووٹ کے حق کے تحفظ کے لیے عوامی مہم بھی شروع کرے گا۔

## پارلیمنٹ ہاؤس میں کانگریس پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ

نئی دہلی، (یو این آئی) پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس کے دوسرے دن آج ایوان کی کارروائی شروع ہونے سے پہلے کانگریس پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ ہوئی جس میں پارلیمنٹ میں پارٹی کے گروپ پر تبادلہ خیال کیا گیا پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے میں منعقدہ اس میٹنگ میں راجیہ سبھا میں اپوزیشن لیڈر ملکارجن کھڑگے اور لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی سمیت پارٹی کے سرکردہ لیڈران نے شرکت کی۔ لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے کانگریس ارکان نے میٹنگ میں حصہ لیا اور راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ کے استعفیٰ سے پیدا ہونے والی صورتحال جیسے مختلف مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سمجھا جاتا ہے کہ پارلیمنٹ میں مفاد عامہ کے مسائل پر پارٹی کو کیا موقف اختیار کرنا چاہیے اس پر بھی مشاورت کی گئی۔

## منی پور میں صدر راج کی مدت میں توسیع کا امکان

امپھال، (یو این آئی) منی پور میں پاپولر گورنمنٹ کی تشکیل کی کوشش کے درمیان، مرکزی حکومت ریاست میں صدر راج کی مدت میں توسیع کے متبادل پر بھی غور کر سکتی ہے۔ ذرائع کے مطابق، مرکزی قیادت نے پارلیمنٹ کے موجودہ مانسون اجلاس میں صدر راج کی مدت بڑھانے کے لیے ایک تجویز پیش کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ آئین کے آرٹیکل 356(1) کے تحت 13 فروری 2025 کو جاری کردہ ایک اعلان کے ذریعے ریاست میں صدر راج نافذ کیا گیا تھا۔ اجلاس کے دوران جن 17 ممکنہ امور پر بحث کی فہرست مرتب کی گئی ہے، ان میں منی پور سے متعلق دو دیگر نکات بھی شامل ہیں۔

## کانوڑ یاترا کے دوران کھانے پینے کی دکانوں پر کیو آر کوڈ لازمی رہے گا

### سپریم کورٹ کا روک لگانے سے انکار



نئی دہلی: سپریم کورٹ نے اتر پردیش حکومت کے اس حکم پر روک لگانے سے انکار کر دیا ہے جس کے تحت کانوڑ یاترا کے دوران یاترا کے راستوں پر واقع کھانے پینے کی دکانوں، ڈھابوں اور ہوٹلوں پر کیو آر کوڈ لگانا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ اس کیو آر کوڈ کے ذریعے دکان یا ریستوراں کے مالک کی شناخت کی جا سکتی ہے۔ اس حکم کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا گیا تھا لیکن عدالت عظمیٰ نے فی الحال اس پر کوئی روک لگانے سے انکار کر دیا ہے۔ جسٹس ایم ایم سندریش اور جسٹس این کے سنگھ کی بنچ نے اس معاملے پر منگل کو سماعت کی۔ سماعت کے دوران دونوں فریقین کے دلائل سننے کے بعد عدالت نے کہا کہ وہ فی الحال حکومت کے اس حکم پر کوئی پابندی عائد نہیں کر رہی ہے۔ عدالت نے واضح کیا کہ وہ صرف قانونی تقاضوں کے تحت لائسنس اور رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کو ظاہر کرنے کے معاملے پر حکم دے رہی ہے۔

سماعت کے دوران جسٹس سندریش نے کہا، "میں ایک سیکولر سوچ رکھنے والا شخص ہوں۔ مجھے اس حکم سے ذاتی طور پر کوئی مسئلہ نہیں لیکن یہ ایک شخصی ترجیح کا معاملہ بھی ہے۔ اگر کوئی ریستوراں شروع سے ہی صرف سبزیوں والا کھانا پیش کر رہا ہو تو کوئی اعتراض نہیں لیکن اگر وہ صرف یاترا کے دوران مینو میں تبدیلی کر رہا ہے تو سوال اٹھ سکتا ہے۔" عرضی گزاروں کی جانب سے سینئر وکیل ابھیشیک منو سنگھوی نے پیش ہو کر دلیل دی کہ کیو آر کوڈ کا اصول مذہبی بنیاد پر شناخت سازی اور خاص طور پر مسلم تاجروں کے اقتصادی بائیکاٹ کی طرف قدم ہے۔ انہوں نے عدالت کو یاد دلایا کہ گزشتہ سال سپریم کورٹ نے ریاستی حکومت کے ایسے ہی فیصلے پر پابندی لگائی تھی، اس لیے نئے حکم سے قبل حکومت کو عدالت کی منظوری لینا چاہیے تھی۔

## سپریم کورٹ نے وقف ایکٹ پر دائر عرضی کو منتقل کرنے سے انکار کیا

نئی دہلی، (یو این آئی) سپریم کورٹ نے وقف ایکٹ 1995 کو چیلنج کرنے والی رٹ پٹیشن کو دہلی ہائی کورٹ سے سپریم کورٹ میں منتقل کرنے سے منگل کے روز انکار کر دیا۔ چیف جسٹس بی آر گوائی اور جسٹس کے ونود چندرن اور این وی انجاریا کی بنچ نے ایڈوکیٹ اشونی کمار اپادھیائے کی عرضی پر غور کرنے سے انکار کر دیا۔ بنچ نے صرف میڈیا میں سرخیاں پانے کے لیے درخواستیں دائر کرنے کے رجحان پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ ایڈوکیٹ اشونی اپادھیائے نے دہلی ہائی کورٹ میں زیر التواء رٹ پٹیشن کو سپریم کورٹ میں منتقل کرنے کی درخواست کی تھی۔ چیف جسٹس گوائی نے ابتدا میں کہا کہ اسی طرح کے مقدمے پہلے ہی عدالت میں زیر التواء ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت کے چیف جسٹس سنجیو کھنہ نے پہلے ہی رٹ پٹیشن کو قبول کرنے کے لیے وقت مقرر کر دیا تھا۔

## صدر جمہوریہ کے 14 سوالوں پر غور و خوض کرے گا سپریم کورٹ

### مرکزی اور ریاستی حکومت کو نوٹس، ایک ہفتہ میں جواب طلب

نئی دہلی (ایجنسی) سپریم کورٹ کی آئینی بنچ نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی جانب سے بھیجے گئے سوالات پر مرکزی حکومت اور ملک کی تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو نوٹس جاری کر کے ایک ہفتہ میں جواب طلب کیا ہے۔ آئینی بنچ میں چیف جسٹس آف انڈیا بی آر گوائی، جسٹس سوریہ کانت، جسٹس وکرم ناتھ، جسٹس پی ایس نرسمہا اور جسٹس ایس چندر کر شامل ہیں۔ آئینی بنچ کی صدارت کر رہے سی جے آئی بی آر گوائی نے کہا کہ "آئندہ سماعت میں ہم مدت کار طے کریں گے۔" عدالت اس معاملہ پر اگلی سماعت 29 جولائی کو کرے گی۔ آج ہوئی سماعت کے دوران کیرالہ حکومت کی جانب سے پیش وکیل کے وینو گوپال نے صدر جمہوریہ کے ذریعہ بھیجے گئے سوالات پر اعتراض کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ معاملہ قابل سماعت نہیں ہے۔ سالیسٹر جنرل تشار مہتا نے کہا کہ آج اس معاملہ کو اٹھانا قبل از وقت ہوگا۔ اس پر سینئر وکیل کپل سبل نے بھی رضامندی کا اظہار کیا۔ تمل ناڈو حکومت کی جانب سے پیش وکیل نے بھی صدر جمہوریہ کے بھیجے گئے سوالات پر اعتراض ظاہر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم براہ راست متاثر ہونے والے فریق ہیں، لہٰذا یہ معاملہ قابل سماعت نہیں ہے۔

واضح ہو کہ سپریم کورٹ نے 8 اپریل کو دیے گئے اپنے ایک فیصلہ میں تمام ریاستوں کے گورنروں کو اسمبلی سے منظور شدہ بل کو منظوری دینے کی مدت کار طے کر دی تھی۔ سپریم کورٹ نے فیصلہ میں کہا تھا کہ گورنر کو آئین کے آرٹیکل 200 کے تحت کسی بل کے متعلق فیصلہ لینے کا کوئی خصوصی اختیار نہیں ہے، وہ وزارتی کونسل کے صلاح پر کام کرتے ہیں۔ ایسے میں انہیں وزارتی کونسل کے مشورے پر لازمی طور پر عمل کرنا ہوگا۔ ساتھ ہی عدالت نے کہا کہ اگر صدر جمہوریہ اور گورنر حکومت کے ذریعہ بھیجے گئے کسی بل پر اپنی منظوری نہیں دیتے ہیں تو ریاستی حکومتیں براہ راست سپریم کورٹ کا دروازہ کھٹکھٹا سکتی ہیں۔

## اتر پردیش میں نو پی سی ایس افسران کا تبادلہ

لکھنؤ: (یو این آئی) اتر پردیش حکومت نے منگل کو نو سینئر پی سی ایس افسران کا تبادلہ کر دیا۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ محکمہ اطلاعات کو نیا ایڈیشنل ڈائریکٹر مل گیا ہے۔ حکومت کی طرف سے جاری کردہ فہرست کے مطابق اروند مشرا کو ڈائریکٹوریٹ آف انفارمیشن میں نیا ایڈیشنل ڈائریکٹر مقرر کیا گیا ہے۔ الکا ورما کو میڈیکل اینڈ ہیلتھ سروسز کا ڈائریکٹر مقرر کیا گیا ہے۔ گورو رنجن سریواستو کو اتر پردیش پبلک سروس کمیشن میں ڈپٹی سکریٹری کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ امیت کمار دوئم کو اے ڈی ایم بہرائچ اور مہندر پال سنگھ کو اے ڈی ایم نگر مشرقی لکھنؤ مقرر کیا گیا ہے۔

## سرکاری ملازمین کو 25 لاکھ روپے کا قرض، خواتین کو اسٹامپ ڈیوٹی میں بڑی رعایت

### پینے کے پانی، سیوریج، نکاسی اور کچرے کے انتظام کے لیے گرام سماج کی زمین مفت دی جائے گی، یوگی کابینہ نے 37 تجاویز کو دی منظوری



لکھنؤ: اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی صدارت میں منگل کو کابینہ کی میٹنگ ہوئی جس میں 37 تجاویز کو منظوری دی گئی۔ کابینی وزیر انل راج بھر نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ کل 38 تجاویز موصول ہوئیں جن میں سے 37 کو منظوری دی گئی۔ ایک تجویز آئندہ اجلاس میں دوبارہ پیش کی جائے گی۔ اس موقع پر موجود کابینی وزیر آشیش پٹیل نے کہا کہ ٹاٹا ایکسیلنس سنٹر ٹاٹا ٹیکنالوجی کی طرف سے قائم کیا جائے گا۔ یہ اتر پردیش کے لیے گیم چینجر ثابت ہوگا۔ اس فیصلے سے دیہی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو سب سے زیادہ فائدہ ہوگا۔ اتر پردیش میں 121 پولی ٹیکنک کالج بنائے جائیں گے، جن میں سے 45 پہلے مرحلے میں بنائے جائیں گے۔ پریس کانفرنس میں موجود فروغ مویشی کے وزیر دھرم پال سنگھ نے کہا کہ پیراگ ڈیری نوئیڈا کی فروخت کو منظوری دے دی گئی ہے۔ قومی سلامتی سے متعلق اہم تجویز منظور کر لی گئی۔ کابینی وزیر نند گوپال نندی نے کہا کہ بندیل کھنڈ ایکسپریس وے 939 کروڑ سے بنایا جائے گا، جس کی لمبائی 15.87 کلومیٹر ہوگی، جسے چھ لین تک بڑھایا جا سکتا ہے۔ چترکوٹ جھانسی لنک ایکسپریس وے 548 دنوں میں مکمل ہوگا۔

وزیر انل راج بھر نے کہا کہ حکومت نے اتر پردیش میں خواتین کے لیے اسٹامپ ڈیوٹی میں گرانٹ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ خواتین کو اپنے نام پر ایک کروڑ روپے کی جائیداد خریدنے پر ایک فیصد رعایت ملے گی۔ پہلے ڈسکاؤنٹ کی حد صرف دس لاکھ روپے تھی۔ انہوں نے کہا کہ اتر پردیش میں قانون ساز اسمبلی کا اجلاس 11 اگست سے شروع ہوگا۔ کابینی وزیر نے کہا کہ پیراگ ڈیری نوئیڈا کا 4.62 ہیکٹر زمین کا پلاٹ ایک سیکورٹی سے متعلق کمپنی کو 101 کروڑ روپے میں فروخت کیا جائے گا۔ پیراگ کے لیے ایک نئی فیکٹری بنائی جائے گی۔ ایم ایس رافع کا 800 کروڑ روپے کا پلانٹ سیکٹر 81 میں لگایا جائے گا۔ کابینی وزیر انل راج بھر نے کہا کہ اب سوامی وویکانند یوجنا کے تحت سمارٹ فون کے بجائے صرف ٹیبلیٹ تقسیم کیے جائیں گے۔ یہ پہلے ہی 60 لاکھ بچوں کو دیے جا چکے ہیں۔ اب یہ اگلے دو سالوں میں 140 لاکھ بچوں میں تقسیم کیا جانا ہے۔ وزیر نے کہا کہ حکومت یوپی ایگری کے نام سے ورلڈ بینک کے ساتھ ایک پروجیکٹ کرے گی۔ پروسیسنگ، اسٹوریج اور ایکسپورٹ کی سہولیات نوئیڈا کے جیور ہوائی اڈے کے نزدیک قائم کی جائیں گی۔ اس کے ذریعے ہندوستانی کسانوں کی پیداوار بالخصوص بندیل کھنڈ اور پوروانچل کے کسانوں کو دنیا تک پہنچایا جائے گا۔ وزیر نے کہا کہ جیور ہوائی اڈے پر ایک بہت بڑا کارگو سسٹم بھی تیار کیا جائے گا۔ اسی لیے یہ اسکیم لائی گئی ہے۔ اناؤ میں مچھلی کے بیج یعنی مچھلی کے انڈوں کا انتظام کیا جائے گا۔ جس میں تقریباً 4000 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پنشن سسٹم کے تحت جن کا اشتہار 28 مارچ 2005 سے پہلے دیا گیا تھا وہ این پی ایس کے بجائے او پی ایس لے سکتے ہیں۔

## مدھیہ پردیش کی ووٹر لسٹ میں ہو سکتی ہے مہاراشٹر جیسی بے ضابطگی: راہل گاندھی



بھوپال۔ لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد اور کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے 2028 کے مدھیہ پردیش اسمبلی انتخاب سے قبل ووٹر لسٹ میں ممکنہ ہیرا پھیری کے متعلق کارکنان کو خبردار کیا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ گزشتہ سال مہاراشٹر میں بھی ایسا ہی ہوا تھا، جہاں بی جے پی کی قیادت والی 'مہایوتی' نے لوک سبھا انتخاب میں خراب کارکردگی کے کچھ ماہ بعد ہی اسمبلی انتخاب میں بڑی جیت حاصل کر لی تھی۔ راہل گاندھی دھار ضلع کے مانڈو میں پارٹی کے اراکین اسمبلی کے 2 روزہ تربیتی کیمپ کو ویڈیو لنک کے ذریعہ خطاب کیا۔ اس دوران انہوں نے کہا کہ "مہاراشٹر کی طرح ووٹر لسٹ میں ہیرا پھیری مدھیہ پردیش میں بھی ہو سکتی ہے۔" ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ اگر کانگریس مدھیہ پردیش میں حکومت میں لوٹتی ہے تو وہ ذات پر مبنی مردم شماری کرائے گی اور سرکاری نوکریوں میں دلتوں، پسماندہ طبقوں، قبائلیوں اور خواتین کی نمائندگی میں اضافہ کرے گی۔ کانگریس لیڈر کے مطابق بی جے پی پورے ملک میں نفرت پھیلا رہی ہے۔ راہل گاندھی کے علاوہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی (اے آئی سی سی) کے مدھیہ پردیش کے جنرل سکریٹری انچارج ہریش چودھری نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ انتخاب مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے ذریعہ کرائے جائیں گے۔ انہوں نے پارٹی کے لیے اپنی ڈیجیٹل اور سوشل میڈیا موجودگی کو مضبوط کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ "ہمیں اس ذہنیت سے نکلنا ہوگا کہ تنظیم ہماری ذاتی ترجیحات کی بنیاد پر کام کرے۔ تبدیلی ضروری ہے، ذات پر مبنی مردم شماری راہل گاندھی کا ایک اہم تعاون ہے۔" ریاستی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر امنگ سنگھار نے خطاب کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ بی جے پی حکومت گھوٹالوں میں ملوث ہے۔ کسان کھاد کے حصول کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔

## جعلی ووٹرز کو ہٹانا ہماری آئینی ذمہ داری ہے: الیکشن کمیشن کا سپریم کورٹ میں جواب

نئی دہلی۔(ایجنسی) الیکشن کمیشن نے بہار میں ووٹر لسٹ کی چھان بین اور تصحیح سے متعلق اپنے اسپیشل انٹینسیو ریویژن (ایس آئی آر) کا دفاع کیا ہے۔ سپریم کورٹ میں دائر جواب میں کمیشن نے کہا ہے کہ وہ اپنی آئینی ذمہ داری پوری کر رہا ہے۔ جعلی ووٹرز کو ہٹانا اس کی ذمہ داری ہے۔ حقیقی ووٹرز کو اس سے کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ الیکشن کمیشن نے ایس آئی آر کی کامیابی کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ 1 لاکھ سے زیادہ بی ایل اوز، ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ بوتھ ایجنٹس اور تقریباً ایک لاکھ رضا کار اس کام میں لگے ہوئے ہیں۔ فارم جمع کرانے میں ابھی 4 دن باقی ہیں تاہم تقریباً 96 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ کمیشن نے کہا ہے کہ سیاسی پارٹیوں کے بوتھ لیول ایجنٹس خود ایس آئی آر میں حصہ لے رہے ہیں، لیکن پارٹی اس حقیقت کو چھپا کر سپریم کورٹ میں ایس آئی آر کی مخالفت کر رہی ہے۔ میڈیا کا ایک حصہ جان بوجھ کر ایس آئی آر کے بارے میں گمراہ کن خبریں پھیلا رہا ہے۔ حلف نامے میں کہا گیا ہے کہ کچھ سیاسی جماعتوں اور این جی اوز نے پرانے ڈیٹا اور میڈیا میں شائع ہونے والی چیزوں کی بنیاد پر سپریم کورٹ میں درخواست دائر کی ہے۔ ایس آئی آر کامیابی سے جاری ہے۔ اسے مکمل ہونے دیں۔ قبل از وقت دائر کی گئی ان درخواستوں کی سماعت نہ کی جائے۔ 28 جولائی کو ہونے والی سماعت سے ایک ہفتہ قبل داخل کیے گئے جواب میں الیکشن کمیشن نے یہ بھی کہا کہ ایس آئی آر کی وجہ سے کوئی بھی شہریت سے محروم نہیں ہوگا۔

